**نیو یارک پبلک لائبریری کی رازداری کی پالیسی (Privacy Policy)**
**نظر ثانی شدہ: جولائی 2021**

## 1. رازداری کا آپ کا حق

آزادانہ تقریر، آزادانہ فکر، اور آزادانہ وابستگی کے لیے رازداری ضروری ہے۔ نیو یارک پبلک لائبری ("NYPL" یا "لائبریری") آپ کی رازادی کا تحفظ کرنے کی پابند عہد ہے، چاہے آپ متولی، ملاقاتی، اور/یا عطیہ کنندہ ہوں۔ یہ رازداری کی پالیسی بتاتی ہے کہ ہم آپ سے کون سی معلومات اور کیوں اکٹھی کرتے ہیں۔

**ہماری ویب سائٹ استعمال کر کے، ہمارے ایونٹس میں حاضر ہو کر، ہمارے پروگراموں میں شرکت کر کے، ہماری موبائل ایپلیکیشنز ڈاؤن لوڈ کر کے، ہمارے ڈیٹابیس تک رسائی حاصل کر کے، لائبریری کا مقام ملاحظہ کر کے، یا ہمیں عطیہ کر کے آپ اس پالیسی سے اتفاق کرتے ہیں۔**

آپ کی منظوری سے، آپ ہمیں ہمارے پروگراموں، سروسز اور چندہ وصولی کی کوششوں کے بارے میں آپ سے مواصلت کرنے کے لیے آپ کا ای میل پتہ/ اور/یا فون نمبر اور ڈاک کا پتہ استعمال کرنے سے اتفاق کرتے ہیں۔ تاہم، نیو یارک اسٹیٹ کے قانون، (NY CPLR سیکشن 4509) اور ہماری رازداری کے ہمارے اپنے پیمان عہد کے مطابق، **آپ جو مٹیریلز چیک کرتے ہیں ان کے بارے میں معلومات اور جن معلومات تک آپ رسائی حاصل کرتے ہیں انہیں خفیہ رکھا جاتا ہے۔**

یہ رازداری کی پالیسی وقتاً فوقتاً تبدیل ہو سکتی ہے اور **ہم اس طرح کی تبدیلیاں اپنی ویب سائٹ پر پوسٹ کر کے آپ کو مطلع کریں گے**، لہذا ہم آپ کو گاہے بگاہے پھر سے اپ ڈیٹس چیک کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ جو ٹھوس تبدیلیاں ہوئی ہیں ان کے بارے میں ہم آپ کو پالیسی پر اس تاریخ کو بتا کر جب آخری بار اسے اپ ڈیٹ کیا گیا تھا، ہماری ویب سائٹ پر ایک نوٹس ڈال کر، آپ کو ایک ای میل بھیج کر، اور/یا کچھ دیگر ذرائع سے متنبہ کریں گے۔

## 2. NYPL کون سی ذاتی معلومات اکٹھی کرتی ہے، ہم اس کے ساتھ کیا اور کیوں کرتے ہیں؟

ہم آپ کے بارے میں معلومات تین طریقوں سے اکٹھی کرتے ہیں:
i) براہ راست آپ سے،
ii) خود بخود اکٹھا کردہ نیٹ ورک لاگ سے، اور
iii) کوکیز کے ذریعے۔

ہم مثالی طور پر آپ کی معلومات صرف جب تک لائبریری کے مناسب عمل کے لیے اس کی ضرورت ہوتی ہے تب تک اور آپ کو لائبریری کی بہتر سروسز فراہم کرنے کے لیے رکھتے ہیں۔ ہم کچھ معلومات کو بیک اپ اسٹوریج سسٹمز، ہارڈ کاپی کی شکل میں، یا قانون کے تقاضے کے مطابق سنبھال کر رکھ سکتے ہیں۔ آپ ہماری لائبریری سروسز کے ساتھ جس طرح مشغول ہونے کا انتخاب کرتے ہیں اور ان سروسز تک آپ کو رسائی فراہم کرنے کے لیے درکار معلومات کے لحاظ سے ہم آپ سے مختلف قسم کی معلومات اکٹھی کرتے ہیں۔ *اس وقت آپ جو سروس استعمال کر رہے ہیں اسے مہیا کرنے کے لیے ہم خود کو درکار کم سے کم معلومات اکٹھی کرتے ہیں اور اولین ممکنہ وقت میں اسے ہٹانے کی اپنی بہترین کوشش کرتے ہیں۔*

### 2.a وہ معلومات جو آپ فراہم کرتے ہیں

جب آپ ہماری لائبریری سروسز کے لیے اکاؤنٹ کے لیے یا لائبریری کارڈ حاصل کرنے کے لیے رجسٹر کرتے ہیں تو ہم آپ سے ہمارے ساتھ مخصوص معلومات شیئر کرنے کو کہتے ہیں۔ اگر آپ ہمارے پاس رجسٹر کرتے ہیں تو ہم آپ کو اس کا جائزہ لینے، اور

جہاں ممکن ہو وہاں، ہم آپ کو آپ کی فراہم کردہ کچھ معلومات کو اپ ڈیٹ، تبدیل، یا حذف کرنے کا موقع پیش کرتے ہیں۔ آپ یہ کام اس طرح کرسکتے ہیں:

- ہماری ویب سائٹ پر اپنے کارڈ ہولڈر اکاؤنٹ میں لاگ ان کر کے
- عملہ سے 1-917-ASK-NYPL پر بذریعہ فون آپ کی اعانت کرنےکی گزارش کر کے
- ہمیں gethelp@nypl.org پر ای میل کر کے
- لائبریری کے مقام پر جا کر اور ہمارے عملہ سے بات کر کے

اگر آپ اپنا لائبریری کارڈ اکاؤنٹ غیر فعال کرتے ہیں یا کلیدی معلومات —جیسے اپنا لائبریری کارڈ نمبر—حذف کرتے ہیں تو ہو سکتا ہے کہ آپ رجسٹریشن کی متقاضی لائبریری کی مخصوص معلومات کا استعمال جاری نہ رکھ پائیں۔

- آپ جو معلومات فراہم کر سکتے ہیں ان میں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات ( personally identifiable information, PII)، آپ کی جائے قیام، شیئر کردہ مواد، سوشل میڈیا کی معلومات، لاگ ان کی اسناد (ای میل پتہ، پاس ورڈ، لائبریری کارڈ کا بار کوڈ نمبر اور پن یا سسٹم کے لحاظ سے لاگ ان کے دوسرے میکانزم)، اور آپ کے لائبریری اکاؤنٹ کا ریکارڈ شامل ہو سکتے ہیں۔ معلومات کی ان قسموں کے بارے میں اضافی تفصیلات کے لیے، براہ کرم مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کا ہمارا صفحہ دیکھیں۔

## b.2 خود بخود اکٹھا اور اسٹور کردہ معلومات

جب آپ ہماری لائبریری سروسز، جیسے ہماری ویب سائٹ اور موبائل ایپلیکیشنز استعمال کرتے ہیں تو ہمارے کمپیوٹر سرورز ہماری لائبریری سروسز کے آپ کے استعمال کے بارے میں الیکٹرانک طریقے سے معلومات کو خود بخود کیپچر کر کے انہیں محفوظ کر دیتی ہیں۔ ایک بار پھر، ہم اپنی سروسز کے کام کرنے کے لیے درکار ڈیٹا کی کم سے کم مقدار ہی اکٹھا کرنے کو یقینی بناتے ہیں۔ بیشتر معاملات میں ہم یہ ڈیٹا اسٹور نہیں کرتے ہیں؛ جس دوران ہم کبھی کبھار مجموعی طور پر ڈیٹا پر نگاہ ڈالتے ہیں تو ہم ایک فرد کے بطور آپ پر نگاہ نہیں ڈالتے ہیں۔ ہم جو معلومات اکٹھی کر سکتے ہیں ان کی مثالوں میں شامل ہیں آپ کے زیر استعمال انٹرنیٹ پروٹول پتہ (IP پتہ)؛ آپ کا عمومی مقام، ویب براؤزر، آپریٹنگ سسٹم، یا الیکٹرانک ڈیوائس کی قسم؛ تاریخ، وقت، اور آپ کے ملاحظے کا دورانیہ؛ وہ ویب سائٹ جو آپ نے ہماری اپنی ویب سائٹ پر پہنچنے سے عین قبل ملاحظہ کی؛ وہ صفحات جو آپ نے ہماری اپنی ویب سائٹ پر ملاحظہ کیے؛ اور وہ تلاشیں/استفسارات یا دیگر انٹریکشن ڈیٹا جو آپ نے انجام دیے۔ نوٹ کر لیں کہ یہ معلومات مجموعی طور پر کیپچر کی جاتی ہیں اور کسی انفرادی طور پر قابل شناخت انداز میں نہیں کی جاتی ہیں۔ معلومات کی ان قسموں کے بارے میں اضافی تفصیلات کے لیے، براہ کرم مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کا ہمارا صفحہ دیکھیں۔

اگر آپ لائبریری کی فراہم کردہ ڈیوائس استعمال کر رہے ہیں تو ہم آپ کے لائبریری کارڈ کا بار کوڈ، آپ کے سیشن کا وقت اور طوالت، اور آپ کی ملاحظہ کردہ ویب سائٹس بھی ریکارڈ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ عوامی Wi-Fi نیٹ ورک استعمال کر رہے ہیں تو ہم، اس کے علاوہ، MAC پتہ اور آپ کی Wi-Fi ڈیوائس کا نام بھی اکٹھا کر سکتے ہیں۔

***کوکیز۔*** کوکی آپ کے ویب براؤزر سے ویب سرور کو مرسلہ ایک چھوٹی سی ڈیٹا فائل ہوتی ہے اور یہ آپ کے کمپیوٹر کی، یا کسی الیکٹرانک ڈیوائس کی، ہارڈ ڈرائیو پر اسٹور ہوتی ہے۔ وہ صارفین کو ذاتی نوعیت کا اور اکثر آسان آن لائن تجربہ فراہم کرنے کے لیے ویب سائٹس کے ذریعے تیار کی جاتی ہیں۔ اگر آپ منتخب کریں تو آپ کے پاس اس طرح کی کوکیز غیر فعال کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔ اگر آپ پسند کریں تو آپ عموماً اپنے براؤزر یا ڈیوائس کی ترتیبات کی معرفت براؤزر کی کوکیز کو ہٹا سکتے یا مسترد کر سکتے ہیں۔ بیشتر ویب براؤزرز ڈیفالٹ کے لحاظ سے کوکیز قبول کرنے پر سیٹ ہوتے ہیں۔ ویسے یہ بات ذہن میں رکھیں کہ کوکیز کو ہٹانے یا مسترد کرنے سے ہماری لائبریری سروسز کی دستیابی اور فعالیت متاثر ہو سکتی ہے۔

***سیکورٹی کیمرے:*** NYPL کی عمارتوں میں مستعمل سیکورٹی کیمروں سے فوٹیج کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ہمارا مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کا صفحہ دیکھیں۔

## c.2 متولی کے سرکولیشن کے ریکارڈز

جب آپ ہماری سرکولیٹنگ لائبریری میں کارڈ کے لیے اکاؤنٹ بناتے ہیں تو ہم تقاضا کرتے ہیں کہ آپ مخصوص ذاتی معلومات —جیسے نام، پتہ، ای میل، فون نمبر اور تاریخ پیدائش فراہم کریں۔ ہم وہ معلومات صرف تب تک رکھتے ہیں جب تک آپ NYPL اکاؤنٹ رکھتے ہیں۔ آپ کبھی بھی اپنا اکاؤنٹ بند کر سکتے ہیں، جو اس کے بعد یہ معلومات ہمارے *سرکولیشن سسٹم* سے حذف کر دے گا۔ حتی کہ آپ کے پاس ایک فعال سرکولیٹنگ اکاؤنٹ ہونے پر بھی، ہمارے سسٹمز **صرف** اسی وقت کے آپ کے براؤزنگ کے ریکارڈوں کے بارے میں معلومات سنبھال کر رکھتے ہیں جس دوران وہ آئٹم (کتابیں، CDs، وغیرہ) آپ کو مستعار دیے گئے ہوتے ہیں۔ اور، تاوقتیکہ مستعار لیے گئے مٹیریلز پر کوئی بقایا جرمانہ نہ ہو، ہم مستعار لیے گئے مٹیریلز آپ کے واپس کرنے کے فوراً بعد ان لون کے ریکارڈ کو حذف کر دیتے ہیں۔

ہمارے *سرکولیشن سسٹم* سے باہر، لائبریری میں دیگر جگہیں بھی ہیں—جیسے ہمارے Research Division میں، NYPL کی کلاسیں اور پروگرامنگ، یا فریق ثالث کے وینڈرز کی معرفت، وغیرہ—جہاں آپ کی فراہم کردہ معلومات کو مختلف رہنما خطوط کے تحت رکھا یا حذف کیا جائے گا۔ خاص طور پر، سیکشن 3 ("فریق ثالث کے وینڈرز اور ویب سائٹس")، سیکشن 4.a ("NYPL کے ذریعے مستعمل ذاتی معلومات")، اور سیکشن 4.c ("جب آپ وسیع تر عوام کے ساتھ مواد شیئر کرتے ہیں") کو دیکھیں۔

## 3. فریق ثالث وینڈرز اور ویب سائٹس

ہم اکثر آپ کو اپنی کچھ سروسز بشمول ہماری کٹیلاگ سازی کی سروسز، آن لائن سروسز جیسے ڈیٹابیسز، ڈیجیٹل کلاسیں اور پروگرام، ڈیجیٹل کلیکشن، میڈیا مواد کی اسٹریم سازی، آپ کے نام مواصلات، باہمی شراکت، پروجیکٹس، وغیرہ مہیا کرنے میں مدد کے لیے فریق ثالث کی لائبریری سروس کے فراہم کنندگان اور ٹیکنالوجیز کا استعمال کرتے ہیں۔ ہماری سروسز مہیا کرنے کے لیے جب فریق ثالث کمپنی کا استعمال کیا جا رہا ہو تو ہم آپ کو بتانے کی پوری کوشش کریں گے۔ اگر اور آپ کو اس طرح کی سروسز استعمال کرنے کا انتخاب کرنے پر، ہمیں آپ کی معلومات ان فریقین ثالث کے ساتھ، لیکن NYPL کی جانب سے سروسز فراہم کرنے کے لیے صرف انہیں ضروری ہونے تک شیئر کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ہم فریق ثالث کی سروسز یا مواد تک آپ کو لے جانے والے لنکس بھی ڈسپلے کر سکتے ہیں۔ ان لنکس کو فالو کر کے، ہو سکتا ہے کہ آپ فریق ثالث کو، ہمیں، یا دونوں کو براہ راست معلومات (بشمول، لیکن بلا تحدید، ذاتی معلومات جیسے آپ کا نام، صارف نام، ای میل پتہ، اور پاس ورڈ) فراہم کر رہے ہوں۔

**یہ سروسز استعمال کر کے، <u>آپ اس بات کو تسلیم اور اس سے اتفاق کر رہے ہوں گے کہ NYPL اس امر کی ذمہ دار نہیں ہے کہ یہ فریقین ثالث آپ کی معلومات کو کس طرح اکٹھا اور استعمال کرتے ہیں۔</u>**

لائبریری کے متولیوں کو ریموٹ یا فریق ثالث وینڈر کی سائٹس استعمال کرتے وقت سمجھ لینا چاہیے کہ لائبریری رازداری کا جو تحفظ فراہم کر سکتی ہے اس پر تحدیدات ہیں۔

ہم یہ یقینی بنانے کی معقول کوشش کرتے ہیں کہ فریقین ثالث NYPL کی رازداری کی پالیسی کی توثیق کرتے ہیں اور ہم یقینی بناتے ہیں کہ وہ بچوں کی آن لائن رازداری کے تحفظ ایکٹ (Children's Online Privacy Protection Act) کی تعمیل کرتے ہیں۔ ہم اس طرح کے وینڈز پر مسلسل نگاہ رکھ کر اور ان کی قدر پیمائی کر کے یقینی بناتے ہیں کہ ان کی پالیسیاں ان کے حوالے سے ہمارے تقاضوں یا ان کے ساتھ ہمارے رسمی معاہدوں کے عین مطابق رہتی ہیں۔

ہم یہ یقینی بنانے کی بھی معقول کوشش کرتے ہیں کہ لائبریری کے ٹھیکوں، لائسنسوں اور آف سائٹ کمپیوٹر سروس کے انتظامات سے متولی کی رازداری اور متولی کے ڈیٹا کے اخفا سے متعلق ہماری پالیسیوں اور قانونی ذمہ داریوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

لائبریری فریق ثالث کے سروس فراہم کنندگان سے یہ توقع کرتی ہے کہ:

- لائبریری کی رازداری کی پالیسیوں کی توثیق کریں۔
- ایسی سروس فراہم کریں جس سے بچوں کی آن لائن رازداری کے تحفظ ایکٹ کی تعمیل ہو۔
- متولیوں کے بارے میں اضافی معلومات اکٹھا اور شیئر کرنے سے پرہیز کریں، سوائے اس کے جو فراہم کردہ لائبریری سروسز مہیا کرنے کے لیے ضروری ہے۔
- عوامی طور پر پوسٹ شدہ رازداری کی پالیسی رکھیں۔

جہاں ہم فریق ثالث کی سروسز استعمال کرنے کے لیے ٹھیکوں پر گفت و شنید کرتے ہیں وہاں، وہ سروسز بھی ہماری رازداری کی اقدار کے مطابق ہونی ضروری ہیں۔

ایسے حالات ہوتے ہیں جہاں استعمال کی شرائط پر انفرادی طور پر گفت و شنید نہیں ہوتی ہے۔ ان حالات میں، ہم اس طرح کی خرید کے فیصلے کرنے والے عملہ کو بتاتے ہیں تاکہ وہ پالیسی کے سلسلے میں ہماری توقعات سے واقف رہیں، اور وہ یہ سروسز ہماری اقدار کے مطابق ہونے کو یقینی بنانے کے لیے چوکنا رہیں۔

فریق ثالث کے سروس فراہم کنندگان آپ کی معلومات کو اکٹھا اور شیئر کر سکتے ہیں، بشمول:

- ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات جو آپ جان بوجھ کر فراہم کرتے ہیں۔ ان کی سائٹ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے آپ کے رجسٹر کرنے، فیڈ بیک اور تجاویز فراہم کرنے، معلومات کی درخواست کرنے، یا شیئر کردہ مواد تخلیق کرنے کے وقت فراہم کردہ معلومات اس میں شامل ہیں۔
- دیگر معلومات جو ہو سکتا ہے آپ جان بوجھ کر نہیں فراہم کرتے ہیں، لیکن انہیں آپ کو شناخت کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسے آپ کا انٹرنیٹ پروٹوکول پتہ (IP پتہ)، تلاش کی سرگزشت، مقام پر مبنی ڈیٹا، اور ڈیوائس کی معلومات۔
- بایومیٹرک ڈیٹا جیسے چہرہ شناسی، آواز شناسی۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کا ہمارا صفحہ دیکھیں۔
- غیر ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات۔ ان میں جو صفحات آپ ملاحظہ کرتے ہیں ان پر موجود اشتہارات، تجزیات، براؤزر کی معلومات (قسم اور زبان)، کوکی ڈیٹا، آپ کی درخواست کی تاریخ/وقت، آبادیاتی ڈیٹا، ہارڈ ویئر/سافٹ ویئر کی قسم، انٹریکشن ڈیٹا، خدمت انجام دینے والے ڈومین، صفحہ کے ملاحظے، اور وہ ویب صفحہ جو آپ نے فریق ثالث کی سائٹ ملاحظہ کرنے سے عین قبل ملاحظہ کیے شامل ہیں۔
- وینڈر کی رازداری کی پالیسی اور استعمال کی شرائط میں حسب مذکور دیگر ڈیٹا۔

ان سروسز اور جس قسم کا ڈیٹا اکٹھا اور شیئر کیا جاتا ہے ان کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ان کے ویب صفحات پر استعمال کی شرائط اور رازداری کی پالیسیوں سے رجوع کریں۔ اگر آپ ان کی استعمال کی شرائط اور رازداری کی پالیسیوں کو قبول نہیں کرتے ہیں تو آپ فریق ثالث کی یہ سروسز استعمال نہ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ براہ کرم وقت نکال کر انہیں بغور پڑھیں۔

ہم آپ کو ہر اس فریق ثالث کی ویب سائٹ یا سروس کی رازداری کی پالیسیوں کا جائزہ لینے کی ترغیب دیتے ہیں جن کے ساتھ آپ ہماری لائبریری سروسز کی معرفت تعامل کرتے ہیں۔ **اگر آپ ان فریق ثالث کی رازداری کی پالیسیوں کو قبول نہیں کرتے ہیں تو آپ ان کی ویب سائٹس یا سروسز استعمال نہ کرنے کا انتخاب ہمیشہ کر سکتے ہیں۔**

لائبریری ان خارجی ویب سائٹس کے لنکس بھی تجویز کرتی ہے جو معاہدے کے تحت یا ہمارے براہ راست کنٹرول میں نہیں ہیں۔ ان حالات میں، آپ کو ان سائٹس کی سروسز استعمال کرنے کے لیے ان کو اپنا لائبریری کارڈ یا دیگر ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

## 4. میری ذاتی معلومات کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے اور کس کو ان تک رسائی حاصل ہے؟

## 4.a NYPL کے ذریعے استعمال کی جانے والی ذاتی معلومات

آپ لائبریری کی جو مخصوص سروسز استعمال کرنے کا انتخاب کرتے ہیں ان کے لحاظ سے، ذیل میں ان طریقوں کی چند مثالیں ہیں جن طریقوں سے ہم آپ کو خدمات فراہم کرنے کے لیے آپ کی معلومات استعمال کرتے ہیں۔

ہم استعمال کرتے ہیں:

- لائبریری کارڈز کے لیے رہائش کی تصدیق۔
- لائبریری کے ریکارڈوں کے لیے ذاتی معلومات—جیسے کتاب مستعار لینے کی تفصیلات، ہیلپ ڈیسک اور حوالہ کے استفسارات، جرمانہ/فیس کی ادائیگی، سروے اور پروموشن اور چندہ وصولی کی مہمیں۔
- لاگ ان کے استناد، بہتر یا ذاتی نوعیت کی سروسز مہیا کرنے کے لیے شیئر کردہ مواد اور کوکیز۔
- اپنے موبائل ڈیوائس کے ذریعے ڈیجیٹل لائبریری کے لیے آپ کے سائن اپ کرتے وقت، ہم آپ کی ڈیوائس کا جغرافیائی مقام چیک کر کے تصدیق کرتے ہیں کہ آپ ہمارے سروس ایریا میں ہیں۔ ہم یہ ڈیٹا اسٹور نہیں کرتے یا سنبھال کر نہیں رکھتے ہیں۔

اضافی مثالوں اور تفصیلات کے لیے، براہ کرم مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کا ہمارا صفحہ دیکھیں۔

## 4.b جمع کردہ ڈیٹا

بعض اوقات ہماری کسی بھی سروس کے ذریعے آپ کے بارے میں اکٹھا کردہ معلومات سے شناخت کو ہٹایا جا سکتا ہے اور دیگر صارفین، ملاقاتیوں، عطیہ کنندگان کے بار ے میں اکٹھا کردہ دیگر معلومات کے ساتھ جمع کیا جا سکتا ہے۔ **شناخت ہٹائی گئی اور جمع کردہ ان معلومات کو معقول طور پر آپ کو شناخت کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔** اس طرح کی جو معلومات ہم مرتب کرتے ہیں ان سے ہمیں سروسز کا بندوبست کرنے، استعمال کا تجزیہ کرنے، سیکورٹی فراہم کرنے، اور ہماری لائبریری سروسز کا استعمال کرنے والے نئے لوگوں کی تعداد شمار کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اس کے علاوہ، اس سے ہمیں آپ کے صارف کے تجربے کو بہتر بنانے اور لائبریری کو استفادہ کنندگان اور عطیہ کنندگان کے لیے اپنے کام کو فروغ دینے، اور ہماری سروسز اور وسائل کے لیے اضافی تعاون کی تائید کرنے میں سہولت ملتی ہے۔

## 4.c وہ ذاتی معلومات جو NYPL شیئر کرتی ہے

- **جب آپ وسیع تر عوام کے ساتھ مواد شیئر کرتے ہیں۔** اگر آپ ہمارے پروگراموں یا آن لائن سروسز کی معرفت مواد یا تبصرے شیئر کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو شیئر کردہ مواد عوامی طور پر قابل رسائی ہو سکتا ہے۔ اگر آپ مواد کو عوامی طور پر شیئر کرنا نہیں چاہتے ہیں تو آپ شیئرنگ محدود کرنے کے لیے اپنی رازداری کی ترتیبات استعمال کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں، لیکن ہمیشہ نہیں (اضافی معلومات کے لیے مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کا ہمارا صفحہ) ملاحظہ کریں۔ آپ کچھ ایسا مواد حذف کر سکتے ہیں جو آپ نے شیئر کیا ہے، لیکن کچھ متعامل شیئر کردہ مواد آپ اور/یا آپ کے رجسٹرڈ صارف کے اکاؤنٹ کے تعلق سے، **آپ کا اکاؤنٹ ختم کر دیے جانے کے بعد بھی** موجود رہ سکتا ہے۔ لہذا، آپ کو ہماری لائبریری سروسز کے ذریعے شیئر کردہ مواد کی سرگرمی میں شرکت کرتے وقت اس چیز کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔
  آپ کے تعاون کرنے سے پہلے (جمع آوری/شرکت کے وقت) ہم آپ کے سامنے یہ واضح کرنے کی پوری کوشش کریں گے کہ: a) آیا یہ معلومات عوامی ہو جائیں گی؛ اور b) آیا جمع کرا دینے کے بعد آپ کو اپنے مواد پر کنٹرول حاصل ہے۔

- **چندہ وصولی کے لیے آؤٹ ریچ۔** ہم آپ کی ذاتی معلومات کرایے پر نہیں دیتے یا فروخت نہیں کرتے ہیں، لیکن، غیر منفعتی دنیا کے رواج کے مطابق، ہم اپنے عطیہ کنندگان کے نام اور ڈاک کے پتے (صرف) کچھ دیگر غیر منفعتی ثقافتی تنظیموں کے ساتھ ضرور شیئر کرتے ہیں۔ دیگر معروف رفاہی تنظیموں کے ساتھ یہ معلومات شیئر کرنا نئے صارفین کو ہماری سروسز پیش کرنے، پروگرام کی پیشکشیں شئر کرنے اور نئے عطیہ کنندگان کو راغب کرنے کے لیے لاگت کے لحاظ سے سب سے مؤثر طریقہ ہے۔ اگر آپ اس امر کو ترجیح دیں کہ آپ کی معلومات دوسری تنظیموں کے ساتھ شیئر نہ کی جائیں تو (a) یہاں کلک کر کے تبادلہ سے درخواست ہٹانے کی درخواست کریں، یا (b) Development Office سے بذریعہ فون 212-930-0653 یا ای میل friends@nypl.org پر رابطہ کریں۔

- **فنڈر دہندگان اور عطیہ کنندگان۔** ہم اکثر صرف مخصوص پروگرام اور سروسز عطیہ کنندگان، فنڈ دہندگان، اور معاونین کے فراخ دلانہ تعاون کے سبب فراہم کرنے پر قادر ہوتے ہیں، جو ہم بصورت دیگر فراہم کرنے پر قادر نہیں ہوتے۔ یہ فنڈز موقع بموقع عطیہ کنندہ، فنڈ دہندہ یا معاون کی رپورٹنگ کی تقاضوں پر NYPL کے تعمیل کرنے پر منحصر ہوتے ہیں۔ اگر آپ ان اختیاری پروگراموں اور سروسز میں شرکت کرتے ہیں تو آپ کی معلومات ان رپورٹوں میں شامل ہو سکتی ہیں۔ مناسب اور قابل عمل ہونے پر، ہم آپ کو ان پروگراموں اور سروسز کے ساتھ وابستہ فنڈ دہندگان اور معاونین کے نام، نیز ہمیں ان کے ساتھ جو ڈیٹا اور معلومات شیئر کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے ان کے بارے میں، رجسٹریشن کی کارروائی میں بتائیں گے۔

## 5. آپ کا انتخاب اور منظوری

آپ بیشتر معلومات کا نظم اپنے رجسٹرڈ صارف کے اکاؤنٹ کے اندر کر سکتے ہیں یا آپ ہمارے عملہ سے بذریعہ فون 1-917-ASK-NYPL پر، یا ہمیں gethelp@nypl.org پر ای میل کر کے، یا ہمارے لائبریری کے مقام پر تشریف لا کر اور ہمارے عملہ سے بات کر کے اپنی اعانت کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔ معلومات کے اسٹوریج کے ہمارے سسٹم ایسے انداز میں تشکیل دیے گئے ہیں جو اتفاقی یا مضر تخریب سے معلومات کا تحفظ کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔ اس مقصد سے، ہم جو معلومات اکٹھا کرتے ہیں انہیں، انہی شرائط کے لحاظ سے جو ہم نے اوپر بیان کیا ہے، بیک اپ اسٹوریج سسٹم میں محفوظ کیا جاتا ہے۔ لہٰذا، آپ اپنی معلومات یا ترجیحات میں جو کوئی اپ ڈیٹ، تبدیلی، یا تنسیخ کرتے ہیں اس کی عکاسی ہمارے پاس موجود معلومات کی ساری کاپیوں میں فوری طور پر نہیں ہو سکتی اور جب تک وہ اپ ڈیٹ نہ ہو جائیں یا مٹا کر نہ لکھ دیے جائیں تب تک انہیں ہمارے بیک اپ اسٹوریج سسٹم سے نہیں ہٹایا جا سکتا ہے۔

آپ کی ذاتی معلومات کے انتخابات اور ان پر کنٹرول کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کے ہمارے صفحہ سے رجوع کریں۔

## 6. قانونی درخواستیں

بعض اوقات قانون ہم سے آپ کی معلومات شیئر کرنے کا تقاضا کرتا ہے جیسے اگر ہمیں کوئی درست پروانۂ طلبی، وارنٹ، یا عدالت کا آرڈر موصول ہوتا ہے۔ ایسے مواقع پر ہم آپ کی معلومات شیئر کریں گے اگر:

- ہمارا محتاط جائزہ ہمیں یقین دلائے کہ پروانۂ طلبی، وارنٹ، یا عدالت کا آرڈر درست ہے، اور یہ کہ قانون، بشمول لائبریری کے ریکارڈوں پر قابل اطلاق ریاستی رازداری قانون ہم سے ایسا کرنے کا متقاضی ہے۔
یا
- لائبریری پابند عمل ہے۔
یا
- مشکل بھرے حالات (مثلاً، زندگی اور موت کی ایمرجنسی یا سنگین جسمانی ضرر کا خطرہ) موجود ہیں۔

جیسا کہ اس سے پہلے اوپر وضاحت کی گئی، ہم نیو یارک اسٹیٹ کےCPLR سیکشن 4509 کے پابند ہیں، جو خاص طور پر لائبریری کے متولی کے ڈیٹا کا تحفظ کرتا ہے۔

**اگر NYPL کو متولی کی معلومات کے لیے درست پروانۂ طبی، وارنٹ، یا عدالت کا آرڈر موصول ہوتا ہے تو ہماری پالیسی ہے کہ کسی بھی معلومات کا افشاء کرنے سے قبل ای میل کے ذریعے متولی کو مطلع کیا جائے،** جس میں کچھ استثناء ہیں جیسے حکام کی جانب سے یہ مطالبہ کرنا کہ اس فرد سے رابطہ نہیں کرنا ہے، یا اگر ہمارے پاس اس فرد سے رابطہ کرنے کا کوئی راستہ نہ ہو۔

## 7. بچوں کی معلومات

بچوں کی آن لائن رازداری کا تحفظ ایکٹ (COPPA) 13 سال سے کم عمر کے بچوں سے آن لائن معلومات کی جمع آوری کو منضبط کرتا ہے۔ اگر آپ کی عمر 13 سال سے کم ہے تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنے والدین یا سرپرست کی اجازت کے بغیر ہماری آن لائن سروسز کا استعمال کرنے کی اجازت نہ ملے، خاص طور پر جب ذاتی معلومات کو خود بخود اکٹھا کیا جا سکتا ہو۔ 13 سال سے کم عمر کے بچوں کے والدین اور سرپرست اپنے بچوں کے لائبریری کے ریکارڈز دیکھ سکتے ہیں۔

13 اور 17 سال کی درمیانی عمر (دونوں شامل ہیں) کے بچوں کے والدین اور سرپرست بھی اپنے بچوں کے لائبریری کے ریکارڈز دیکھ سکتے ہیں، **لیکن ایسا کرنے کے لیے ان کے بچے کی منظوری مطلوب ہوتی ہے۔** ہم بچوں کے لیے تعلیمی مواد فراہم کرنے کے لیے فریق ثالث کی سروسز سے شراکت کر سکتے ہیں۔ والدین اور سرپرستوں کو چاہیے اپنے بچوں کو وہ سروسز استعمال کرنے کی اجازت دینے سے پہلے ان کی رازداری کی پالیسیوں کا جائزہ لیں۔ والدین اور سرپرستوں کو اپنے بچوں کے بارے میں معلومات کی جمع آوری کے مدنظر اضافی منظوری فارموں پر بھی دستخط کرنے کی ضرورت ہو سکتی اس کے بعد ہی وہ اضافی پروگراموں اور سروسز، جیسے ہمارے اندراج یافتہ پروگراموں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

نابالغوں کے لیے انٹرنیٹ تحفظ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم لائبریری کا بچوں اور نوعمروں کے لیے انٹرنیٹ تحفظ کا نوٹس دیکھیں۔

## 8. عوامی کمپیوٹرز اور مربوط ڈیوائسز

لائبریری کے فراہم کردہ کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ پر آپ کی سرگرمیوں کا کوئی ریکارڈ لائبریری نہیں رکھتی ہے۔ آپ کے لاگ آؤٹ کرنے پر براؤزنگ کی سرگزشت اور سرگرمیوں کا کوئی بھی ریکارڈ ہٹا دیا جاتا ہے۔ اگلا متولی آپ کی کوئی بھی معلومات نہیں دیکھ سکتا۔ مزید معلومات کے لیے براہ کرم مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کا ہمارا صفحہ دیکھیں۔

**تمام ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو آپ کا عوامی کمپیوٹر ریزرویشن ختم ہونے کے بعد 24 گھنٹے کے اندر محو کر دیا جائے گا۔** ایک گمنام لاگ بنایا جاتا ہے جس میں صرف کمپیوٹر ٹرمینل نمبر، ریزرویشن کا وقت اور سیشن کی مدت شامل ہوتی ہے۔ ریزرویشن کے یہ گمنام اعداد و شمار سسٹم میں رہتے ہیں۔

**تمام مربوط ڈیوائسز جو آپ لائبریری سے مستعار لیتے ہیں (جیسے ٹیبلٹس، ای ریڈرز) ان سے لائبریری کا عملہ ڈیوائس آپ کے واپس کرنے کے فوراً بعد ان کی سرگزشت دستی طور پر صاف کر دیتا ہے۔**

## 9. ڈیٹا اور نیٹ ورک کی سیکورٹی

لائبریری ایسے سافٹ ویئر پروگرامز استعمال کرتی ہے جو لائبریری کی ٹیکنالوجی سے سمجھوتہ کرنے کی غیر مجاز کوششوں کو شناخت اور ممنوع قرار دینے کے لیے نیٹ ورک ٹریفک اور کمپیوٹر سرگرمی پر نگاہ رکھتے ہیں، جس میں مالویئر، وائرسوں، اور غلط کرداروں کو لائبریری کے نیٹ ورک میں داخل ہونے یا بصورت دیگر لائبریری کے اعمال میں خلل ڈالنے سے روکنا شامل ہے۔ لائبریری کی جانب سے انفرادی متولیوں یا ان کے استعمال

کی عادات کو شناخت کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی جاتی ہے اور متولی کی زیر ملکیت ڈیوائسز پر کوئی سافٹ ویئر انسٹال نہیں کیا جاتا ہے۔ براہ کرم مزید وضاحت کے لیے سیکشن 2.b ("خود بخود اکٹھا اور اسٹور کردہ معلومات") اور مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کا ہمارا صفحہ دیکھیں۔

## 10. مزید معلومات کے لیے

ہماری رازداری کی پالیسی اور طرز عمل کے بارے میں اگر آپ کے کچھ سوالات یا تشویشات ہوں تو براہ کرم مجھے privacy@nypl.org پر ایک ای میل بھیجیں۔

آپ ہمارے ہیلپ ڈیسک (AskNYPL) سے بھی یوں رابطہ کر سکتے ہیں:

- 917-ASK-NYPL (917-275-6975) پر فون کریں۔
- ہمارے ویب فارم کی معرفت www.nypl.org/get- help/contact-us/email پر ایک درخواست جمع کرائیں۔
- اس پتے پر ہمیں لکھیں:

AskNYPL
The New York Public Library
SC Mezzanine
476 Fifth Ave.
New York, NY 10018

اس کے علاوہ، NYPL کے لیے عمومی رابطہ کی معلومات ہمارے ہم سے رابطہ کریں صفحہ: www.nypl.org/get-help/contact-us پر مل سکتی ہیں۔

NYPL کے مخصوص رازداری کے طرز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم مزید رازداری کی تفصیلات اور معلومات کے ہمارے صفحہ سے رجوع کریں۔